فاطمہ ثناء کی عمدہ باؤلنگ اور ڈیانا بیگ کی شاندار بیٹنگ نے پی سی بی چیلنجرز کو فتح دلا دی

- نیشنل ویمن چیمپئن شپ میں پی سی بی بلاسٹرز کو پہلی بار شکست کا سامنا
- پی سی بی چیلنجرز کی جانب سے فاطمہ ثناء نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا

لاہور، 21ستمبر 2019ء:

قومی ٹرائنگولر ایک روزہ خواتین چیمپئن شپ کے چوتھےمیچ میں پی سی بی چیلنجرز نے پی سی بی بلاسٹرز کو 3 وکٹوں سے شکست دے دی۔ لاہور جمخانہ کلب گراؤنڈ میں جاری ایونٹ میں یہ پی سی بی بلاسٹرز کی پہلی ناکامی ہے۔فاتح ٹیم نے 186 رنز کا ہدف 47.2 اوورز میں حاصل کرلیا۔

اس سے قبل پی سی بی چیلنجرز کی کپتان بسمعہ معروف نے ٹاس جیت کر پہلے باؤلنگ کرنے کا فیصلہ کیا ۔15 کے مجموعی اسکور پر پی سی بی بلاسٹرزکی اوپنر عائشہ ظفر 14 رنز بناکر آؤٹ ہوگئی۔ جس کے بعد عمیمہ سہیل نےذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا اور 5 چوکوں کی مدد سے نصف سنچری اسکور کی۔ عمیمہ سہیل121 گیندوں پر 73 رنز اسکور کرنے کے بعد فاطمہ ثناء کی گیند پر آؤٹ ہوگئی۔ پی سی بی چیلنجرز کی جانب سے فاطمہ ثناء نے یکے بعددیگرے3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کرکے ایونٹ کی فیورٹ ٹیم کو بڑا ہدف بنانے سے روک دیاپی سی بی بلاسٹرزکی ٹیم مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 185 رنزہی بناسکی۔ فاطمہ ثناء نے 10 اوورز میں 34 رنز دے کر 4 کھلاڑیوں کوآؤٹ کیا۔سیدہ عروب شاہ نے 2 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔

پی سی بی چیلنجرز نے مطلوبہ ہدف 47.2 اوور میں 7 وکٹوں کے نقصان پرپورا کرلیا۔ 186 رنز کے تعاقب میں پی سی بی چیلنجرز کی اننگز کا آغاز بھی کچھ زیادہ اچھا نہ

رہا۔21 کے مجموعی اسکور پر اوپنر حرینہ سجاد اور کپتان بسمعہ معروف پویلین واپس لوٹ چکی تھیں جس کے بعد جویریہ رؤف اور نتالیہ پرویز کے درمیان تیسری وکٹ کے لیے 50 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔جویریہ رؤف نے 48 رنز بنائے۔ ان کی اننگز میں 8 چوکے شامل تھے۔تاہم لوئر آرڈر میں ڈیانا بیگ اور صباء نذیر کے درمیان 30 رنز کی شراکت نے پی سی بی چیلنجرز کی میچ میں گرفت مضبوط کردی۔ڈیانا بیگ کے ناقابل شکست 35رنز کی بدولت پی سی بی چیلنجرز نے مطلوبہ ہدف 3 وکٹوں قبل حاصل کرلیا۔ پی سی بی بلاسٹرز کی جانب سے عالیہ ریاض نے 45 رنز دے کر 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

میچ میں شاندار باؤلنگ کا مظاہرہ کرنے پر فاطمہ ثناء کو پلیئر آف دی میچ کا انعام دیا گیا۔

ایونٹ کا پانچواں میچ23 ستمبر کو پی سی بی ڈائنامائٹس اور پی سی بی بلاسٹرز کے درمیان کھیلا جائے گا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4